# امام حسیؑن مصداق شہداء

<"xml encoding="UTF-8?>

امام حسیؑن مصداق شہداء

( وَمَن يُطِعِ اللّهَ وَالرَّسُولَ فَأُوْلَـئِكَ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاء وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ أُولَـئِكَ رَفِيقًا )

(نساء، آیه٦٩)

اور جو بھی اللہ و رسولصلی‌اللہ‌علیہ‌وآلہ‌وسلم کی اطاعت کرے گا وہ ان لوگوں کے ساتھ رہے گا جس پر خدا نے نعمتیں نازل کی ہیں انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین اور یہی بہترین رفیق ہیں۔

جناب امّ سلمہ سے روایت کی گئی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:

( الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ ) " میں ہوں، ( الصِّدِّيقِينَ ) سے مراد علی ابن ابی طالب علیہ السلام،( الشُّهَدَاء ) سے مراد حسن و حسین علیہما السلام،( الصَّالِحِينَ ) سے مراد حمزہ اور( حَسُنَ أُولَـئِكَ رَفِيقًا ) سے مراد میرے بعد بارہ امام ہیں۔

(قمی رازی، کفایة الاثر، ص ۱۸۳؛ علامہ مجلسی، بحار،ج، ۳۴ ، ص ۳۴۷ ، ح۲۱٤؛ بحرانی، البرهان، ج۱،ص ۳۹۲ ، ح۳)